**Code No. 08**

Total No. of Questions : 55 ] [ Total No. of Printed Pages : 7

## June/July, 2009

## URDU

Time : 3 Hours 15 Minutes ] [ Max. Marks : 100

ہدایات : i) تمام سوال حل کیجئے۔

ii) تمام سوال کے نشانات اس کے مقابل درج ہیں۔

iii) خوشخطی اور املاء کا خاص خیال رکھئے۔

I- درجِ ذیل سوالوں کے جواب ایک لفظ، فقرہ یا جملہ میں لکھئے: 10 x 1 = 10

1- درخت کے کاٹے جانے پر محکمۂ خارجہ کو کیا اعتراض تھا؟

2- 1892ء یا 1893ء کے دوران حالی کن کتابوں کی تالیف و ترتیب میں مصروف تھے؟

3- مضمون "مصیبتوں کا تبادلہ" کے مصنف کون ہیں؟

(الف) محمد حسین آزاد (ب) عبدالسلام (ج) جیلانی بانو

4- دوبارہ پکڑے جانے پر گنگے کے مالک نے پولس مین سے کیا کہا؟

5- "خواہش" کس تلاش کا نام ہے؟

6- "سردی کی گرما گرمی" ایک .................. مضمون ہے۔

(الف) معلوماتی (ب) مزاحیہ (ج) اصلاحی

7- رسول پاک ؐ کے قول کے مطابق اہم فریضہ کیا ہے؟

8- دولت انسان کو کیا سکھاتی ہے؟

9- عبادت کی خرابی میں کس کا حصہ ہوتا ہے؟

10- رحمٰن صاحب کون تھے اور ان کا پیشہ کیا تھا؟

[ Turn over

II (الف) درجِ ذیل سوالوں کے جواب دو یا تین جملوں میں لکھئے : (کوئی پانچ) 5 x 2 = 10

11- حالیؔ سے ملنے والا ہر شخص کیوں خوش ہوتا تھا ؟

12- انبوہ کی حالت دیکھ کر مصنف کے دل میں کیا خیال آیا ؟

13- خود پر نکتہ چینی کر لینا کیوں بہتر ہے ؟

14- ' صرف ' اور ' ہی ' کیسے لفظ ہیں ؟

15- کونسے لوگ ہونٹ بجا کر سردی کا موسم گذارتے ہیں ؟

16- پروفیسر عبدالسلام کا پیغام کس کے لئے ہے ؟

17- شکیلہ بیگم مرزا صاحب کو لڈو کیوں نہیں دینا چاہتی تھیں ؟

(ب) درجِ ذیل سوالوں کے دو یا تین جملوں میں جواب لکھئے : (کوئی پانچ) 5 x 2 = 10

18- سورہ رحمٰن میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو کس بات کی تلقین کی ہے ؟

19- بدرِ منیر کی حالت دیکھ کر نجم النساء نے کیا کہا ؟

20- نظم " داستانِ آدم" میں شاعر نے ہندوستانیوں کی کن خوبیوں کو اُجاگر کیا ہے ؟

21- نظم " ایک جہلم پر" میں مرنے والے کی کون کونسی خوبیاں بیان کی گئی ہیں ؟

22- نظم " ہاتھوں کا ترانہ" کے حوالے سے اگر ہنرمند نہ ہوں تو یہ دنیا کیسی ہوتی ہے ؟

23- علی بن متقی منبر پر پھر سے کیوں چڑھا ؟

24- شاعر کے مطابق کون کونسے لوگ عجیب ہیں ؟

III ذیل کے صرف دو سوالات کے پانچ تا سات جملوں میں جواب لکھئے ۔ 2 x 5 = 10

25- سرسید کی برسی کے جلسہ میں کونسا واقعہ پیش آیا ؟

26- لاولد باپ نے اپنی کونسی مصیبت پھینکی اور کونسی مول لی اور نتیجہ کیا ہوا ؟

27- کسی کو بدنام کرنے کے لئے حاسد لوگ کیا حرکتیں کرتے ہیں ؟

28- روپیہ پر تین شیروں کی تصویر دیکھ کر ادّو کن خیالات میں کھو گیا ؟

IV - (الف) ذیل کے صرف تین جملوں کی بحوالۂ متن وضاحت کیجیے : $3 \times 2 = 6$

29- " سُنتے ہو ؟ آج تمھاری فائل مکمل ہوگئی ؟ "

30- " یہ معلوم ہوتا ہے گویا وہ ہنٹر کسی نے میری پیٹھ پر مارے ہیں۔ "

31- " تمھاری کامیابی اور ناکامی کی کنجیاں خود تمھاری جیب میں ہیں۔ "

32- " مائی باپ، اگر آپ گرمی کے موسم تک زندہ رہیں تو میں آپ سے پھر کبھی خیرات لے لوں گا۔ لیکن اس وقت خیرات دے کر مجھے عذاب میں مبتلا نہ کیجیے۔

33- " اُفوہ ! آپ تو اپنے خاندان کی تاریخ بیان کرنے لگے ..... "

(ب) 34 - درج ذیل الفاظ، مرکبات اور محاوروں میں سے کسی چار کو جملوں میں استعمال کیجیے :

$4 \times 1 = 4$

مشتاق - رقص - خوشنما - دل فریب - دال ٹپکانا

گھی کے چراغ جلانا - آگ بگولہ ہونا۔

V - (الف) 35 - ذیل کی کسی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے : $1 \times 6 = 6$

(i) سورۂ رحمٰن (ii) جواب (iii) علی بن متقی رویا

(ب) ذیل کے کسی پانچ اشعار کی تشریح کیجیے : $5 \times 2 = 10$

36 - نکلنا خُلد سے آدم کا سُنتے آتے تھے لیکن
بہت بے آبرو ہو کر ترے کوچے سے ہم نکلے

*

37 - یارب ہجوم درد کو دے اور وسعتیں
دامن تو کیا ابھی مری آنکھیں بھی نم نہیں

*

38 - امید تو بندھ جاتی تسکین تو ہو جاتی
وعدہ نہ وفا کرتے وعدہ تو کیا ہوتا

*

39- یاروں نے جا کے خوب زمانے سے صلح کی
میں ایسا بد دماغ یہاں بھی بچھڑ گیا

*

40- تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا
تیرے سامنے آسماں اور بھی ہیں

*

41- یوں تو ملنے کو مل گیا ہے خدا
پر تیری دوستی نہیں ملتی

*

42- کسی واسطے راہیں کہاں بدلتی ہیں
تم اپنے آپ کو خود بدل سکو تو چلو

*

(ج) ذیل کی کسی ایک رباعی کا مفہوم لکھیے: 1×4=4

43- کم ظرف اگر دولت و زر پاتا ہے
مانند حباب اُبھر کے اتراتا ہے
کرتے ہیں ذرا سی بات میں فخر حسیں
تنکا ہلکی ہوا سے اُڑ جاتا ہے

*

44- مفلس ہوں نہ دولت ہے نہ سرمایہ ہے
مجھ سے کیا پوچھتا ہے کیا لایا ہے
یارب تری رحمت کے بھروسے امجد
بند آنکھ کئے یوں ہی چلا آیا ہے

*

VI- ذیل سے کسی چار الفاظ کے مترادفات لکھیے: $4 \times \frac{1}{2} = 2$

45- شب ۔ دشمن ۔ جیب ۔ ہجر ۔ خواب ۔ حجاب

46- ذیل کے صرف چار الفاظ کی اضداد لکھیے ۔ $4 \times \frac{1}{2} = 2$

ابتداء ۔ تعمیر ۔ ازل ۔ بقا ۔ مسترد ۔ وفا

47- ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے: $1 \times 2 = 2$

(الف) تشبیہ (ب) تضاد

48- مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کی تعریف کیجیے ۔ $2 \times 1 = 2$

(الف) نعت (ب) رباعی (ج) غزل

49- درج ذیل سابقوں اور لاحقوں کی مدد سے دو دو مرکبات لکھیے ۔ $4 \times \frac{1}{2} = 2$

[غیر] [نا] [نما] [گیر]

VII-50-(الف) درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور اس کے نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیے: $5 \times 1 = 5$

ذکریہ بن محمد کی پیدائش 1203ء میں 'قزوین' شہر میں ہوئی ۔ اسی نسبت سے وہ ذکریہ بن محمد قزوینی مشہور ہوئے ۔ جلد ہی قرآن پاک حفظ کرلیا ۔ اس دوران قزوین پر مغلوں کے حملوں کی ہوا گرم ہوئی تو وہ پورے خاندان کے ہمراہ بغداد منتقل ہوگیا ۔ یہاں ذکریہ قزوینی کے لقب سے مشہور ہوگیا ۔

ذکریہ بن محمد قزوینی کا سب سے عظیم کارنامہ اسکی مایہ ناز کتاب "عجائب المخلوقات غرائب الموجودات" ہے ۔ اس کے علاوہ انہوں نے اور بھی کئی کتابیں لکھیں جن میں "عجائب البلدان" "صدرۃ الارض" اور "آثار البلاد و اخبار العباد" قابل ذکر ہیں ۔

ذکریہ محمد قزوینی نے پہلی بار یہ انکشاف کیا کہ زمین اپنے محور پر سورج کے گرد گھوم رہی ہے اور اسی سے موسم بدلتے ہیں ۔ آخری وقت یہ عظیم سائنس داں علم و عمل کا پیکر دمشق چلا آیا اور وہیں 1283ء میں اس دنیا کو خیرباد کہا ۔

سوالات: (i) ذکریہ بن محمد قزوینی کی ولادت کب اور کہاں ہوئی ؟

(ii) ذکریہ بن محمد قزوینی بغداد کیوں منتقل ہوا ؟

(iii) ذکریہ بن محمد قزوینی کی مایہ ناز کتاب کا نام لکھیے ۔

(iv) ذکریہ بن محمد قزوینی نے پہلی بار کس بات کا انکشاف کیا؟

(v) ذکریہ بن محمد قزوینی کا انتقال کب اور کہاں ہوا؟

51-(ب) ڈپو منیجر کے نام ایک درخواست لکھتے ہوئے آپ کے محلے میں شہری بس سہولت فراہم کرنے کی گذارش کیجیے۔ 5

VIII-52- ذیل کے کسی دو ضرب المثال کو مکمل کیجیے: 2x1=2

i) اونٹ کے منہ میں................ -

ii) رسی جل گئی پر..................... نہیں گیا -

iii) یہ منہ اور ..................... کی دال۔

53- ذیل کے کسی ایک شعر میں تلمیح کی نشاندہی کیجیے اور جس واقعہ کی جانب اشارہ ہے اسکی وضاحت کیجیے: 1x2=2

(i) صحبت بد سے نوحؑ کا بیٹا
شان پیغمبری کو کھو بیٹھا

*

(ii) کیا فرض ہے کہ سب کو ملے ایک سا جواب
آؤ نہ ہم بھی سیر کریں کوہ طور کی

54- ذیل کی عام بول چال کی زبان کو شائستہ زبان میں تبدیل کیجیے (کوئی دو): 2x1=2

(i) تمارے اماں باوا کاں جاکو ہیں۔

(ii) توکاں کو جا رئے سو۔

(iii) اب کیکو واں جا ریں سو۔

4 55- درج ذیل جملوں کا اُردو میں ترجمہ کیجئے:

Remember, there is a piece of flesh in the human body. When it is healthy, the whole body is healthy. And when it is affected, the whole body is affected. It is the heart.